© rasailojaraid.com



شاہ اکرام حسین سیکری

# مشاہیر کے سالہائے وفات کی تاریخیں

پاک فضائیہ کا سرمایۂ فخر اور پاکستان کے عظیم فرزند جناب راشد منہاس نے ۲۰ر اگست ۱۹۷۱ء کو شہادت کا اعلیٰ مقام حاصل کیا حکومت پاکستان نے ان کو نشان حیدر کا اعزاز عطا کیا۔

سال شہادت، زندہ جاوید عہد جدید، راشد منہاس شہید

۷۱

۱۹ء

○

پاکستان کے ممتاز مصنف، شاعر، صحافی اور ریڈیو کراچی کے سابق افسر تعلقات عامہ جناب فضل احمد صاحب کا ۱۹ر اگست ۱۹۷۸ء کو انتقال ہو گیا۔

دل گداز سال وفات جناب فضل احمد صاحب صدیقی

۷۸

۱۹ء

○

مولانا عبدالباری صاحب دیپوری کا ۲۷ر اگست ۱۹۷۸ء کو انتقال ہو گیا۔

لازوال سال انتقال مولانا عبدالباری صاحب مرحوم

۷۸

۱۹ء

○

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جدید کینیا کے معمار اور صدر جناب جومو کنیاٹا صاحب کا ۲۲ر اگست ۱۹۷۸ء کو ممباسہ میں انتقال ہو گیا۔

ماتمی سال انتقال جومو کنیاٹا صاحب آنجہانی

۷۸ ۱۹ء

○

مشہور بزرگ جناب سید محمد ذوقی شاہ صاحب کے خلیفہ جناب شہید اللہ صاحب فریدی کا کراچی میں ۲۳ر اگست ۱۹۷۸ء کو انتقال ہو گیا۔

سال وفات رونقِ جہاں جناب مولانا شہید اللہ صاحب فریدی

۷۸ ۱۹ء

○

سندھ ہائی کورٹ کے جج مسٹر جسٹس جمال الدین احمد صاحب کا ۲۹ر اگست ۱۹۷۸ء کو انتقال ہو گیا۔

دل سوز سال وفات جناب جسٹس جمال الدین احمد صاحب مرحوم

۷۸ ۱۹ء

○

مشہور ادیب اور صحافی نیز بہت سی کتابوں کے مصنف مورخ کشمیر جناب منشی محمد دین صاحب فوق مرحوم ۱۴ر ستمبر ۱۹۴۵ء کو ان کا انتقال ہوا تھا۔

سال وفات باصفا منشی محمد دین صاحب فوق مرحوم

۴۵ ۱۹ء

○

مسلم لیگ کے ممتاز رہنما غازی انعام نبی پردیسی کا ۲۰ر ستمبر ۱۹۷۸ء کو انتقال ہو گیا۔

سال مرگ پاک نگاہ غازی انعام نبی پردیسی

۷۸ ۱۹ء

○

مشہور عالم دین شیخ الحدیث مفتی اعظم پاکستان مولانا ابو البرکات سید احمد صاحب کا ۲۴ر ستمبر ۱۹۷۸ء کو لاہور میں انتقال ہو گیا۔

کہو سال وفات جناب مولانا ابو البرکات سید احمد صاحب مرحوم

۷۸ ۱۹ء

○

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۲۹ ستمبر ۱۹۷۸ء کو پوپ جان پال اوّل کا حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہوگیا۔

سال انتقال ساقیٔ محفلِ مسیحی روحانی پیشوا پوپ جان پال اوّل آنجہانی

۷۸ ۱۹ء

○

ممتاز اسکالر اور اردو کالج کے سابق پرنسپل جناب کرنل عطاء الرحیم صاحب کا ۳ اکتوبر ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سال انتقال پاک باطن زندہ دل جناب کرنل عطاء الرحیم صاحب مرحوم

۷۸ ۱۹ء

○

ممتاز ادیب اور صحافی جناب ضیاء الحسن صاحب موسوی کا ۱۵ اکتوبر ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سال وفات نیک طبع جناب ضیاء الحسن صاحب موسوی

۷۸ ۱۹ء

○

شیخ الجامعہ الازہر جناب شیخ عبدالحلیم محمود صاحب کا ۱۷ اکتوبر ۱۹۷۸ء کو قاہرہ (مصر) میں انتقال ہوگیا۔

سال وفات بندہ مومن شیخ عبدالحلیم محمود

۷۸ ۱۹ء

○

عربی زبان کے ممتاز اسکالر جناب علامہ عبدالعزیز صاحب میمن کا کراچی میں ۲۷ اکتوبر ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سال وفات عالیشان جناب علامہ عبدالعزیز صاحب میمن مرحوم

۷۸ ۱۹ء

○

راقم الحروف کے خسر جناب سید اکمل حسین زیدی کا ۳۰ دسمبر ۱۹۷۸ء / ۱۳۹۹ھ کی شام کو (آٹھ بجے) انتقال ہوگیا۔

(۱) بے حجاب زیبا سال وفات جناب سید اکمل حسین صاحب زیدی مرحوم

۹۹ ۱۳ھ

○

(۲) سال انتقال دانا مرد پاک دین جناب سید اکمل حسین صاحب زیدی عثنی مرحوم

۷۸ ۱۹ء

○ ○ ○

© rasailojaraid.com